

اونٹاریو میں ووٹنگ

صوبائی اور بلدیاتی انتخابات میں ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کا رہنما۔

Elections Ontario

اونٹاریو میں ووٹنگ

اونٹاریو کے مستقبل کی تشکیل میں فعال کردار ادا کریں۔

صوبائی الیکشن کیسے کام کرتا ہے؟

- صوبائی الیکشن اس وقت شروع ہوتا ہے جب اوٹاریو کے پریمیئر الیکشن کے اعلان کا فیصلہ کرتے ہیں۔
- لیفٹیننٹ گورنر الیکشن کی رٹ (رٹس) پر دستخط کرتے ہیں، جو کہ باضابطہ طور پر انتخابات کے آغاز کی نشان دہی کرتا ہے۔
- اونٹاریو کو 124 انتخابی اضلاع میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر انتخابی اضلاع میں امیدوار بیلٹ پر نام ڈالنے کے لیے اندراج کرتے ہیں اور مہم شروع کرتے ہیں۔
- اس کے بعد انتخاب کنندہ اپنے انتخابی ضلع میں اپنی پسند کے مقامی امیدوارکو ووٹ دیتے ہیں۔ سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والا امیدوار اپنے انتخابی ضلع کے صوبائی پارلیمنٹ کا رکن (MPP) بن جاتا ہے۔
- منتخب MPPs کی سب سے زیادہ تعداد والی سیاسی جماعت عام طور پر نئی صوبائی حکومت بناتی ہے۔
- صوبے پر حکومت کرنے والی قانون سازی کو پاس کرنے کے لیے MPPs اونٹاریو کی قانون ساز اسمبلی میں ملاقات کرتے ہیں۔

صوبائی الیکشن میں کون ووٹ ڈال سکتا ہے؟

اونٹاریو کے الیکشن مین ووٹ دینے کے لیے ضروری ہے کہ آپ:

اونٹاریو کے رہائشی ہوں۔

کینیڈا کے شہری ہوں؛ اور

انتخابات کے دن کم از کم 18 سال کی عمر کے ہوں؛

18+

کیا آپ ووٹ دینے کے لیے رجسٹرڈ ہیں؟

جی ہاں - جب صوبائی الیکشن کا اعلان ہو گا، آپ کو ڈاک کے ذریعے ایک ووٹر انفارمیشن کارڈ موصول ہوگا جو آپ کو بتائے گا کہ کب اور کہاں ووٹ دینا ہے۔

جی نہیں - آپ اپنی ووٹر کی معلومات کو اپ ڈیٹ یا شامل کر سکتے ہیں:

- آن لائن **RegisterToVoteON.ca** پر؛
- آپ کے مقامی دفتر میں، شخصی طور پر موجود ہو کر (ان پرسن)؛ یا
- جب آپ ووٹ دینے جائیں تب شخصی طور پر موجود ہو کر۔

آپ کو ایک عدد ID کی ضرورت ہو گی، جس میں آپ کا نام اوراونٹاریو میں گھر کا پتہ نظر آئے۔
RegisterToVoteON.ca/IDtoregister پر قابل قبول ID کی مثالیں تلاش کریں۔

آپ کے ووٹ ڈالنے کے طریقے کیا ہیں؟

آپ ووٹ ڈال سکتے ہیں:

پیشگی رائے شماری میں شخصی طور پر موجود ہو کر (ان پرسن)

آپ کے مقامی انتخابی دفتر میں شخصی طور پرموجود ہو کر(ان پرسن)

ڈاک کے ذریعے

آپ کے مقامی دفتر میں معاون ووٹنگ ٹیکنالوجی کے ساتھ

الیکشن کے دن شخصی طور پر موجود ہو کر (ان پرسن)

شخصی طور پر موجود ہو کر (ان پرسن) ووٹ دینے کا طریقہ

- الیکشن کے دن، کسی پیشگی پول پر، اپنے مقامی انتخابی دفتر پر، یا اپنے تفویض کردہ ووٹنگ کے مقام پر جائیں۔
- اپنا بیلٹ وصول کرنے کے لیے پول افیشل کو اپنا شناختی کارڈ دکھائیں۔
- ووٹنگ اسکرین کے پیچھے جائیں اور صرف ایک امیدوار کا انتخاب کرتے ہوئے بیلٹ پر اپنے X کو نشان زد کریں۔
- اپنا نشان زدہ بیلٹ پول افیشل کو واپس کریں تاکہ اسے بیلٹ باکس یا ٹیبولیٹر میں ڈال دیا جائے۔
- مبارک ہو! آپ نے کامیابی سے ووٹ ڈال دیا ہے!

بلدیاتی انتخابات (میونسپل الیکشنز) میں ووٹنگ

اونٹاریو میں میونسپل الیکشنز میں میونسپل کاؤنسل کے اراکین، ڈسٹرکٹ سوشل سروسز ایڈمنسٹریشن بورڈ (DSSAB) کے اراکین، اوراسکول بورڈ کے ٹرسٹیز کے انتخابات شامل ہیں۔

الیکشنز اونٹاریو ووٹرز کی فہرست کو برقرار رکھتا ہے، جو آپ کو اونٹاریو میں صوبائی اور میونسپل انتخابات دونوں کے لیے ووٹرز کی فہرست میں شامل ہونے کا موقع دیتا ہے۔ اپنی معلومات کو چیک کرنے، اپ ڈیٹ کرنے، یا اس میں اضافہ کرنے کے لیے **RegisterToVoteON.ca** پر جائیں۔

Register to Vote

اگر میں 18 سال سے کم عمر کا ہوں تو کیا ہوگا؟

- اگر آپ کی عمر 16 یا 17 سال ہے، آپ کینیڈا کے شہری اور اونٹاریو کے رہائشی ہیں، تو آپ اپنے آپ کو **اونٹاریو کے مستقبل کے ووٹروں کے رجسٹر(اونٹاریو رجسٹر فار فیوچر ووٹرز)** میں شامل کر سکتے ہیں۔
- جب آپ 18 سال کی عمر کے ہو جائیں گے، آپ خود بخود ووٹر لسٹ میں شامل ہو جائیں گے۔

elections.on.ca **ووٹ دینے کے لیے تیار ہونے کے لیے آج ہی ووٹرز لسٹ میں شامل ہوں۔**

مزید معلومات کے لیے elections.on.ca ملاحظہ کریں۔

elections.on.ca
info@elections.on.ca
1.888.668.8683 | 1.888.292.2312: ٹی ٹی وائی

@electionsON | @electionsONfr

Elections Ontario